© rasailojaraid.com



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نام کتاب: STUDIES IN HADITH

(مطالعہ ٔ حدیث)

مصنفہ: ڈاکٹر جمیلہ شوکت

ناشر: کلیہ علوم اسلامیہ والسنہ شرقیہ' پنجاب یونیورسٹی لاہور

صفحات: ۱۹۴

قیمت: ۱۰۰ روپے

امت مسلمہ کے لیے بہترین نمونہ' نبی اکرم صلہ اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ گرامی ہے' اس نمونہ کی معرفت کا واضح اور مستند ذریعہ قرآن حکیم کے بعد خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ امتِ مسلمہ نے آپؐ کے اقوال وافعال' تقریرات اور آپ کی ہر ہر ادا کو نہایت اہتمام سے محفوظ کیا ہے۔ ائمہ حدیث نے حدیث کی صحت وثقاہت کو پرکھنے کے لیے ایسے کڑے معیار مقرر کیے ہیں کہ شاید ہی علوم وفنون میں سے کسی بھی علم اور فن میں اس کی مثال ملتی ہو۔ جیسے اصولِ روایت و درایت' اسناد کا علم' جرح و تعدیل' اور فن اسماء الرجال وغیرہ' اس کے علاوہ حدیث نبویؐ سے کماحقہ استفادہ کے لیے معجم (انڈکس) واشاریے بھی مرتب کیے۔

اٹھارویں صدی عیسوی کے نصف آخر اور انیسویں صدی میں جب مستشرقین نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علومِ اسلامیہ‘ بالخصوص علوم الحدیث کو اپنی تحقیق کا موضوع بنایا اور تحقیق کے پیرائے میں اس پر مختلف اعتراضات کیئے‘ تو مستشرقین کے جواب میں ائمہ حدیث اور محققینِ اسلام نے حدیث کی تاریخی حیثیت‘ اس کی حجیت‘ اور ائمہ حدیث کی اس فن میں خدمات کو انتہائی علمی وتحقیقی انداز میں امت کے سامنے پیش کیا‘ اور ان کے اعتراضات کا مدلل جواب دیا۔مگر یہ کام زیادہ تر عربی اور اردو زبانوں میں ہوا جن اہل علم وفضل نے انگریزی میں خالص علمی وتحقیقی کام کیا ان میں ڈاکٹر حمیدا للہ‘ ڈاکٹر احمد حسن‘ ڈاکٹر محمد مصطفیٰ اعظمی‘ ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی‘ اور زیرِ نظر کتاب کی مصنفہ ڈاکٹر جمیلہ شوکت کے نام نمایاں ہیں۔ ڈاکٹر صاحبہ علومِ اسلامیہ کی استاذ ہیں اور علوم الحدیث پر خصوصی مطالعہ کا ذوق رکھتی ہیں۔آپ نے "مسند امام اسحق بن راھویہ" میں سے حضرت عائشہ صدیقہ کی روایات پر تحقیقی کام کر کے کیمبرج یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کیا۔ زیرِ نظر کتاب آپ کے ان علمی وتحقیق مقالات کا مجموعہ ہے جو مختلف علمی جرائد میں شائع ہوئے‘ زیرِ نظر کتاب میں نو مقالات شامل ہیں۔

جن میں (۱) علوم الحدیث تجزیاتی مطالعہ (۲) اقسامِ کتب حدیث (۳) تحملِ حدیث کے اسالیب (٤) اخذ حدیث کے لیے سفر (٥) علمِ حدیث میں اسناد کا مقام (٦) مطالعہ مسانید دوسری وتیسری صدی ھجری (۷) مطالعہ المصنفات دوسری وتیسری صدی ھجری (۸) اطراف الحدیث وغیرہ

ڈاکٹر صاحبہ نے علوم الحدیث کے ان اہم موضوعات پر بنیادی مآخذ ومصادر سے مواد جمع کیا ہے‘ اور پھر بہت خوبصورت‘ سہل اور عام فہم انداز میں اسے مرتب کیا ہے۔ "مطالعہ مسانید" اور "مطالعہ المصنفات" پر مقالات خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ڈاکٹر صاحبہ نے کتب حدیث کی ان دو اقسام کے ارتقاء، مناہج پر عمدہ گفتگو کی ہے، جامع اور بھر پور معلومات قاری کو پہنچائی ہیں ۔ اردو یا انگریزی میں اس سے قبل ان دو موضاعات پر اتنی علمی و تحقیقی تحریر نظر سے نہیں گزری، یہ دونوں مقالات اس درجے کے ہیں کہ اہل علم اور مصنفین انھیں اپنے مطالعہ کے لیے منتخب کریں۔ پیش لفظ معروف محقق ڈاکٹر ظفر اسحٰق انصاری نے لکھا ہے، جس میں علم حدیث میں محققین کے کام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اور انگریزی زبان میں اس موضوع پر اب تک جو کام ہوا ہے، اس کی تفصیل بیان کی ہے، کتاب کے شروع میں مفتاح المراجع اور آخر میں بنیادی مآخذ کی تفصیلی فہرست دی گئی ہے جس کا بنیادی فائدہ یہ ہے کہ قاری متعلقہ موضوع پر اگر تفصیل کا طلب گار ہے تو وہ بنیادی مصادر سے رجوع کر سکتا ہے۔

مجھے یہ کہنے میں ذرہ برابر تأمل نہیں کہ حدیث وعلوم الحدیث کے طلبہ، محققین اور علومِ اسلامیہ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ ایک مفید اور گراں قدر کتاب ہے۔

(حافظ محمد سجاد)

اسسٹنٹ پروفیسر کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

© rasailojaraid.com